www.wilayattimes.com
اشاعت کا تیسرا سال

ہفت روزہ
ولایت ٹائمز
WILAYAT TIMES
سرینگر

اللہ کی ولایت مومنین اور متقین پر ہے وہ انہیں تاریکی سے روشنی کی طرف نکال لاتا ہے

جلد:04 ☆ شمارہ نمبر:08 ☆ تاریخ:19 فروری 2018 تا 25 فروری 2018ء بمطابق 02 جمادی الثانی 08 جمادی الثانی 1439ھ ☆ صفحات:8

اھلسنت علمائے دین کی نظر میں

حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کا مقام و منزلت

۲

ابن ابی الحدید

عبدالحمید ابن ابی الحدید معروف معتزلی عالم اور نہج البلاغہ کے شارح ہیں، وہ لکھتے ہیں: رسول اللہ لوگوں کے گمان سے زیادہ اور لوگ اپنی بیٹیوں کا جتنا احترام کرتے تھے اس سے زیادہ حضرت فاطمہ کی عزت کرتے تھے، یہاں تک کہ آبا کو اپنی اولاد سے جو محبت ہوتی ہے رسول اللہ کی حضرت فاطمہ سے محبت اس سے کہیں زیادہ تھی۔ آپ نے ایک مرتبہ نہیں بلکہ بار بار، مختلف مقامات پر اور مختلف الفاظ میں، عام و خاص کی موجودگی میں فرمایا:

انها سیدة نساء العالمین و انها عدیل مریم بنت عمران و انها اذا مرت فی الموقف نادی مناد من جهة العرش: یا اهل الموقف غضوا ابصارکم لتعبر فاطمة بنت محمد.

فاطمہ عالمین کی عورتوں کی سردار ہیں۔ وہ مریم بنت عمران کا درجہ رکھتی ہیں، وہ جب میدان حشر میں سے گزریں گی تو عرش سے ایک منادی کی آواز بلند ہوگی: اے اہل محشر اپنی آنکھیں نیچی کرلو تا کہ فاطمہ بنت محمد گزر جائیں۔

ابن صباغ مالکی

نامور عالم ابن صباغ مالکی کہتے ہیں: ہم آپ کی چند اہم خصوصیات، نسبی شرافت اور ذاتی خوبیاں بیان کرتے ہیں: فاطمہ زہرا اس ہستی کی بیٹی ہیں جس کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی: (سبحان الذی اسری بعبده) پاک ہے وہ ذات جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گئی۔ آپ بہترین انسان کی بیٹی ہیں اور پاک زاد ہیں۔ عمیق نظر رکھنے والے علما کا اس پر اجماع اور اتفاق ہے کہ آپ عظیم خاتون ہیں۔ (الفصول المہمہ، طبع بیروت، ص ۳۳۱۲)

حافظ ابو نعیم اصفہانی

حلیۃ الاولیا کے مصنف معروف عالم حافظ ابونعیم اصفہانی لکھتے ہیں: حضرت فاطمہ برگزیدہ نیکوکاروں اور منتخب پرہیزگاروں میں سے ہیں۔ آپ سیدہ بتول، بضعہ رسول اور اولاد میں سے آنحضرت کو سب سے زیادہ محبوب اور آنحضرت کی رحلت کے بعد آپ کے خاندان میں سے آپ سے جا ملنے والی پہلی شخصیت ہیں۔ آپ دنیا اور اس کی چیزوں سے بے نیاز تھیں۔ آپ دنیا کی پیچیدہ آفات و بلایا کے اسرار و رموز سے آگاہ تھیں۔ (حلیۃ الاولیا طبع بیروت ج ۲، ص ۹۳۱)

توفیق ابو علم

استاد توفیق ابو علم مصر کے معاصر علما محققین میں سے ہیں۔ انھوں نے الفاطمہ الزہرا کے نام سے ایک کتاب لکھی ہے۔ اس میں وہ لکھتے ہیں:

فاطمہ اسلام کی تاریخ ساز شخصیتوں میں سے ہیں۔ ان کی عظمت شان اور بلند مرتبہ کے بارے میں یہی کافی ہے کہ وہ پیغمبر اعظم کی تنہا دختر، امام علی ابن ابی طالب کی شریک حیات اور حسن و حسین کی مادر ہیں۔ درحقیقت رسول اللہ کے لئے راحت جاں اور دل کا سرور تھیں۔ زہرا وہی خاتون ہیں کہ کروڑوں انسانوں کے دل جن کی طرف کھنچتے ہیں اور جن کا نام گرامی زبان پر رہتا ہے۔ آپ وہی خاتون ہیں جنہیں آپ کے والد نے ام ابیہا کا لقب دیا۔ عظمت و احترام کا جو تاج آپ کے والد نے اپنی بیٹی کے سر پر رکھا، ہم پر آپ کی تکریم کو واجب کر دیتے ہیں۔

آلوسی

آلوسی نے اپنی تفسیر روح المعانی جلد ۳ صفحہ ۱۳۸ پر سورہ آل عمران کی آیت ۴۲ کے ذیل میں تحریر کیا ہے کہ "اس آیت سے حضرت زہرا سلام اللہ علیہا پر حضرت مریم سلام اللہ علیہا کی برتری اور فضیلت ثابت ہوتی ہے بشرطیکہ اس آیت میں "نسا العالمین" سے مراد تمام زمانوں اور تمام ادوار کی خواتین مراد ہوں مگر چونکہ کہا گیا ہے کہ اس آیت میں مراد حضرت مریم کے زمانے کی عورتیں ہیں لہذا ثابت ہے کہ مریم علیہا السلام سیدہ فاطمہ صلوٰۃ اللہ علیہا پر فضیلت نہیں رکھتیں۔

آلوسی لکھتے ہیں: رسول اللہ نے ارشاد فرمایا ہے: "ان فاطمة البتول افضل النسا المتقدمات و المتأخرات، فاطمہ بتول صلوٰۃ اللہ علیہا پر تمام گذشتہ اور آئندہ عورتوں سے افضل ہیں"۔

آلوسی کے بقول "اس حدیث سے تمام عورتوں پر حضرت سیدہ فاطمہ سلام اللہ علیہا کی افضلیت ثابت ہوتی ہے کیونکہ سیدہ (صلوٰۃ اللہ علیہا پر) رسول اللہ کی روح و جان ہیں، چنانچہ سیدہ فاطمہ (صلوٰۃ اللہ علیہا پر) عائشہ ام المومنین پر بھی برتری رکھتی ہیں"۔

السهیلی

السہیلی رسول اللہ کی معروف حدیث "فاطمة بضعة منی" کا حوالہ دیتے ہوئے کتاب روض الانف صفحہ ۲۷۹ (مکتب الکلیات الازہری مصر) میں اس طرح رقم طراز ہیں لکھتے ہیں: میری رائے میں کوئی بھی "بضعۃ الرسول" سے افضل و برتر نہیں ہوسکتا"۔

الزرقانی

محمد عبدالعظیم الزرقانی لکھتے ہیں: "جو رائے امام المقریزی، قطب الخضیری اور امام السیوطی نے واضح دلیلوں کی روشنی میں منتخب کی ہے یہ ہے کہ فاطمہ سلام اللہ علیہا حضرت مریم (س) سمیت دنیا کی تمام عورتوں سے افضل و برتر ہیں۔ (روض الانف جلد ۱ صفحہ ۱۷۸)

السفرانی

تحریر کیا ہے: "فاطمہ ام المومنین خدیجہ (صلوٰۃ اللہ علیہا پر) سے افضل ہیں، اللہ سیادت کی خاطر اور اسی طرح مریم (صلوٰۃ اللہ علیہا پر) سے افضل و برتر ہیں"۔ (روض الانف جلد ۱ صفحہ ۱۷۸)

ابن الحکمی

ابن الحکمی لکھتے ہیں: "صحیح تر قول کے مطابق فاطمہ سلام اللہ علیہا افضل النسا ہیں"۔ (روض الانف جلد ۱ صفحہ ۱۷۸)

شیخ الرفاعی

الرفاعی کے اس قول کو اسی کتاب میں اس طرح نقل کیا گیا ہے" کہ اسی قول کے مطابق متقدم اکابرین اور دنیا کے علماء دانشوروں نے صحیح قرار دیا ہے، فاطمہ تمام خواتین سے افضل ہیں"۔

ڈاکٹر محمد سلیمان فرج

معروف عالم اہل سنت تحریر کرتے ہیں کہ فضیلت فاطمہ سیدۃ النساء العالمین کی فضیلت کو کوئی درک نہیں کرسکتا اس لئے کہ ان کا مقام بہت بلند اور انکی منزلت بہت عظیم ہے، وہ رسول اسلام کا جز ہیں، اسی وجہ سے بخاری نے آپ کے لئے روایت کی ہے کہ: پیامبرؐ نے فرمایا فاطمہ میرا جز ہے جس نے فاطمہ کو غضب ناک کیا اس نے مجھے غضب ناک کیا۔

(الاضواء فی مناقب الزہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سید احمد سامح حسینی مقدمہ ص ۱)

ابوبکر جابر جزایری

حضرت زہرا کے فضائل بہت زیادہ ہیں، انہیں میں سے ایک علم حضرت زہرا ہے اور وہ کیوں عالمہ نہ ہوں جبکہ وہ اس رسول کی بیٹی ہیں جو شہر علم ہے، اور وہ رسول کا جز ہیں۔ (العلم والعلماء، ابوبکر جابر جزائری ص ۲۳۷)

ڈاکٹر محمد طاہر القادری

موجودہ صدی کے مشہور و معروف سنی عالم دین ڈاکٹر محمد طاہر القادری اپنی کتاب "الدرۃ البیضاء فی مناقب فاطمۃ الزہرا" میں چار خواتین کی فضیلت سے متعلق احادیث کا حوالہ دیتے ہیں اور لکھتے ہیں: "احادیث میں کسی قسم کا تعارض (تصادم) نہیں ہے کیونکہ دیگر خواتین یعنی: مریم، آسیہ اور خدیجہ (صلوٰۃ اللہ علیہا پر)، کی افضلیت کا تعلق ان کے اپنے زمانوں سے ہے یعنی وہ اپنے زمانوں کی عورتوں سے بہتر و برتر تھیں لیکن حضرت سیدہ عالمین (صلوٰۃ اللہ علیہا پر) کی افضلیت عام اور مطلق ہے اور پورے عالم اور تمام زمانوں پر مشتمل (یعنی جہان شمول اور زمان شمول) ہے"

مریم (س) پر سیدہ فاطمہ (س) کی افضلیت سنی محدثین کی نگاہ میں:

اس صحیح روایت کی مطابق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: "یا فاطمة لا ترضین تکونی سیدة نساء العالمین و سیدة نساء هذه الامة و سیدة نسا المومنین؛ اے فاطمہ (س)! کیا آپ خوشنود نہیں ہوگی کہ دنیا کی خواتین کی سردار قرار پائیں اور اس امت کی خواتین کی سیدہ قرار پائیں اور یا ایمان خواتین کی سیدہ قرار پائیں؟ (المستدرک، ج ۳، ص ۱۵۶)

حاکم اور ذہبی دونوں اس روایت کو صحیح قرار دیتے ہیں۔ یہ روایت حضرت حوا، ام البشر سے لے کر قیامت تک، دنیا کی تمام عورتوں پر حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کی افضلیت کی واضح ترین اور منہ بولتی دلیل ہے اور اس روایت نے ہر قسم کی نادرست تصورات کا امکان ختم کرکے رکھ دیا ہے۔

نیز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سیدہ (صلوٰۃ اللہ علیہا) سے مخاطب ہوکر فرماتے ہیں: "لا ترضین نک سیدة نسا العالمین" کیا آپ خوشنود نہیں ہیں آپ عالمین کی خواتین کی سردار ہیں؟

سیدہ (صلوٰۃ اللہ علیہا) نے عرض کیا: اور مریم؟

فرمایا: "تلک سیدة نسا عالمها" وہ اپنے زمانے کی خواتین کی سردار تھیں۔ (محمد شوکانی، فتح القدیر) بیروت: دارالمعروف، ۱۹۹۶م، ج ۱، ص ۳۳۹۔

عبداللہ ابن عباس نے ایک طویل حدیث میں رسول اللہؐ سے نقل کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: میری بیٹی فاطمہ (صلوٰۃ اللہ علیہا) بے شک اولین سے آخرین تک تمام عالمین کی خواتین کی سردار ہیں۔ (ابراہیم جوینی، فرائد السمطین، ج ۲، ص ۳۵)

نیز ایک طولانی حدیث کے ضمن میں پیغمبر خداؐ نے فرمایا: "چوتھی مرتبہ خدا نے نظر ڈالی اور فاطمہ (صلوٰۃ اللہ علیہا) کو پورے عالم کی خواتین پر پسندیدہ اور افضل قرار دیا۔ (سلیمان قندوزی، ینابیع المودۃ، ص ۲۳۷، باب ۵۶۔)

ابن عباس پیغمبر خداؐ سے روایت کرتے ہیں: "اربع نسوة سیدات عالمهن مریم بنت عمران، و آسیه بنت مزاحم، و خدیجه بنت خویلد، و فاطمة بنت محمد و افضلهن عالما فاطمة؛ چار خواتین اپنے زمانے کی دنیا کی سردار ہیں: مریم بنت عمران، آسیہ بنت مزاحم (زوجہ فرعون)، خدیجہ بنت خویلد، فاطمہ بنت محمدؐ، اور ان کے درمیان سب سے زیادہ عالم حضرت فاطمہ (صلوٰۃ اللہ علیہا) ہیں"۔ (الدر المنثور، ج ۲، ص ۱۹۴)

نیز ابن عباس سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ (ص) نے فرمایا: "افضل العالمین من النساء الاولین والآخرین فاطمہ؛ اولین اور آخرین کی خواتین میں سب سے افضل خاتون فاطمہ (س) ہیں"۔ (المناقب المرتضوی، ص ۱۱۳، بحوالہ غلام رضا کسائی، مناقب الزہراء (قم: مطبع مہر، ۱۳۹۷)، ص ۹۴)

فدک حق زہرا سلام اللہ علیہا

فدک وراثت تھا یا رسول کی جانب سے شہزادی فاطمہ زہرا سلام اللہ کے لیے ہدیہ اور ہبہ تھا، خود علماء اہل سنت نے اس کو اپنی معتبر کتابوں میں نقل کیا ہے کہ باغ فدک کو رسول اکرم نے شہزادی کو عنایت کیا تھا۔

صحیح مسلم میں حضرت ابوسعید الخدری اور حضرت عبداللہ ابن عباس سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی زندگی ہی میں فدک حضرت فاطمہ کو اس وقت ہبہ کر دیا جب سورہ حشر کی ساتویں آیت نازل ہوئی۔ (درالمنثور از جلال الدین سیوطی جلد ۴ صفحہ ۱۷۷) دیگر تفاسیر میں سورہ حشر کی آیت ۷ کی ذیل میں لکھا ہے کہ اس آیت کے نزول کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فدک حضرت فاطمہ الزہرا کو ہبہ کر دیا۔ (معراج النبوۃ از عبدالحق دہلوی حتوفی ۱۰۵۲ صفحہ ۲۲۸ جلد ۴ باب ۱۰ حبیب السیار از غیاث الدین محمد خواند امیر)

شاہ عبدالعزیز نے فتاوی عزیزیہ میں اس بات کا اقرار کرتے ہوئے لکھا ہے کہ حضرت فاطمہ الزہرا کو فدک سے محروم کرنا درست نہیں ہے۔ (فتاوی عزیزیہ از شاہ عبدالعزیز)

صحیح البخاری میں حضرت عائشہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد فدک کی ملکیت پر حضرت فاطمہ الزہرا اور حضرت ابوبکر میں اختلافات پیدا ہوئے۔ حضرت فاطمہ نے فدک پر اپنا حق ملکیت سمجھا جبکہ حضرت ابوبکر نے فیصلہ دیا کہ چونکہ انبیا کی وراثت نہیں ہوتی اس لیے فدک حکومت کی ملکیت میں جائے گا۔

اس پر حضرت فاطمہ حضرت ابوبکر سے ناراض ہوگئیں اور اپنی وفات تک ان سے کلام نہیں کیا۔ یہاں تک کہ ان کی وفات کے بعد رات کو جنازہ پڑھا یا گیا جس کے بارے میں حضرت ابوبکر کو خبر نہ کی گئی۔

(صحیح بخاری اردو ترجمہ از مولانا داود مرکزی جمعیت اہل حدیث ہند جلد ۵ حدیث ۳۳۳۰-۳۳۳۱)

ولایت ٹائمز ڈاٹ کام

حضرت فاطمہ (س) کے فضائل قرآن کی روشنی میں

> اے میرے رسول(ص) آپ امت سے کهه دیجئے که میں تم سے اس تبلیغ رسالت کا کوئی اجر نهیں چاهتا علاوه اس کے که میرے اقربا سے محبت کرو. ابن عباس سے روایت هے که جس وقت یه آیت نازل هوئی پیغمبر سے سوال کیا گیا ،جن لوگوں سے محبت و مودت کا همیں حکم دیا گیا هے وه کون لوگ هیں ؟ پیغمبر اکرم (ص) نے فرمایا : علی، فاطمه اور ان کے دو فرزند مراد هیں .

تفسیر فرات کوفی میں امام صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ انا انزلناہ فی لیلۃ القدر میں لیلۃ سے مراد فاطمہ زہرا (س) کی ذات گرامی ہے اور القدر ذات خداوند متعال کی طرف اشارہ ہے۔ فاطمہ زہرا (سلام اللہ علیہا) وہ عظیم خاتون ہیں جن کی حقیقی معرفت معصومین (علیہم السلام) کے پاس ہے جس کا حصول فقط قرآنی آیات اور احادیث معصومین (علیہم السلام) کے سایہ میں ہی ممکن ہے۔ لہذا ایسی شخصیت کی حقیقی معرفت کا دعویٰ فقط انسان کامل ہی کر سکتا ہے۔ حضرت فاطمہ زہرا (س) عالم اسلام کی ایسی باعظمت خاتون ہیں جن کی فضیلت زندگی کے ہر شعبے میں آشکار ہے اور عظمتوں کے اس سمندر کی فضیلتوں کو قرآنی آیات اور معصومین (علیہم السلام) کی روایات میں بار بار ذکر کیا گیا ہے۔ حضرت زہرا (س) کے فضائل کے بیان میں بہت زیادہ روایتیں وارد ہوئی ہیں لیکن ہم فقط ان احادیث کو بیان کریں گے جو قرآنی آیات کی تفسیر کے طور پر وارد ہوئی ہیں یا آیت کے شان نزول کو بیان کرتی ہیں جبکہ یہ روایات فقط فضائل کے چند گوشوں کو بیان کرتی ہیں۔

فاطمه کی معرفت لیله القدر کی معرفت هے

تفسیر فرات کوفی میں امام صادق (علیہ السلام) سے مروی ہے کہ "انا انزلناہ فی لیلۃ القدر" میں "لیلۃ" سے مراد فاطمہ زہرا (س) کی ذات گرامی ہے اور "القدر" ذات خداوند متعال کی طرف اشارہ ہے۔ لہذا جسے بھی فاطمہ زہرا (س) کا حقیقی عرفان حاصل ہو گیا اس نے لیلۃ القدر کو درک کر لیا۔ آپ کو فاطمہ اسی لئے کہا جاتا ہے کہ لوگ آپ کی معرفت سے عاجز ہیں۔

مستحکم دین

کتاب "البرہان فی تفسیر القرآن" تالیف سید ہاشم بحرانی میں سورہ بینہ کی پانچویں آیت کی تفسیر میں امام محمد باقر (علیہ السلام) سے روایت ہے کہ اس آیت میں دین قیم سے مراد فاطمہ (س) ہیں۔

شریعت کے سارے اعمال بغیر محمد و آل محمد (ع) کی ولایت کے باطل و بیکار ہیں اور روایات میں اس بات کی طرف بھی اشارہ پایا جاتا ہے کہ دین کا استحکام فاطمہ (س) اور ان کی ذریت کی محبت سے ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دین قیم کی تفسیر آپ کی ذات گرامی سے کی گئی ہے۔

آسمانی گهر

علامہ مجلسی (رہ) انس بن مالک اور بریدہ سے روایت نقل کرتے ہیں کہ رسول خدا (ص) نے سورہ نور کی ۳۶ ویں آیت کی تلاوت فرمائی "فی بیوت اذن اللہ ان ترفع و یذکر فیہا اسمہ یسبح لہ فیہا بالغدو و الآصال" تو ایک شخص کھڑا ہوا اور رسول خدا (ص) سے دریافت کیا: یا رسول اللہ یہ گھر کس کا ہے؟ فرمایا: انبیاء علیہم السلام کا گھر ہے۔ حضرت ابو بکر کھڑے ہوئے اور حضرت علی (علیہ السلام) کے گھر کی جانب اشارہ کر کے پوچھا: کیا یہ گھر بھی انہیں گھروں جیسا ہے؟ حضرت نے فرمایا: یقینا! بلکہ ان میں سب سے برتر ہے۔

عذاب و لعنت دشمنان زهرا (س) کا مقدر

تفسیر قمی میں سورہ احزاب کی ۵۷ ویں آیت کے ذیل میں وارد ہوا ہے: "ان الذین یؤذون اللہ و رسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا و الآخرۃ و اعد لہم عذابا مہینا"؛ "یقینا جو لوگ خدا اور اس کے رسول کو ستاتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں خدا کی لعنت ہے اور خدا نے ان کے لئے رسوا کن عذاب مہیا کر رکھا ہے"۔

علی بن ابراہیم قمی (رہ) فرماتے ہیں کہ یہ آیت علی و فاطمہ (علیہما السلام) کے حق کے غاصبوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے نیز پیغمبر اکرم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سے روایت نقل کرتے ہیں کہ فرمایا: جو بھی ہماری زندگی میں زہرا (س) کو اذیت پہنچائے گویا میرے مرنے کے بعد بھی اس نے زہرا (س) کو اذیت دی ہے اور جو بھی میری رحلت کے بعد زہرا کو اذیت دے گویا اس نے میری زندگی میں زہرا کو اذیت دی، اور جس نے بھی فاطمہ کو اذیت دی اس نے مجھے اذیت دی، جس نے مجھے اذیت دی اس نے خدا کو اذیت دی اور خداوند عالم ارشاد فرماتا ہے: یقینا جو لوگ خدا اور اس کے رسول (ص) کو ستاتے ہیں ان پر دنیا اور آخرت میں خدا کی لعنت ہے اور خدا نے ان کے لئے رسوا کن عذاب مہیا کر رکھا ہے۔

امر الهی کی پیروی

امام صادق (علیہ السلام) اپنے اجداد سے نقل کرتے ہیں کہ حضرت زہرا (س) نے فرمایا: جس وقت سورہ نور کی ۶۳ ویں آیت: "لا تجعلوا دعاء الرسول بینکم کدعاء بعضکم بعضا": "جس طرح تم ایک دوسرے کو پکارتے ہو پیغمبر اکرم (ص) کو اس طرح سے آواز مت دو"۔ نازل ہوئی ہم نے پیغمبر اکرم (ص) کو بابا کہنا چھوڑ دیا اور یا رسول اللہ کہہ کر خطاب کرنے لگے، پیغمبر اکرم (ص) نے مجھے فرمایا: بیٹی فاطمہ یہ آیت تمہارے اور تمہاری آنے والی نسلوں کے لئے نازل نہیں ہوئی ہے چونکہ تم مجھ سے ہو اور میں تم سے، بلکہ یہ آیت متکبر اور ظالم قریش کے لئے نازل ہوئی ہے۔ تم مجھے بابا کہہ کر پکارا کرو چونکہ یہ کلمہ میرے دل کو ٹھنڈک پہنچاتا ہے اور اس سے خداوند راضی ہوتا ہے، یہ کہہ کر میرے چہرے کا بوسہ لیا۔

اجرت رسالت

سورہ شوریٰ کی ۲۳ ویں آیت میں خداوند متعال فرماتا ہے: "اے میرے رسول (ص) آپ امت سے کہہ دیجئے کہ میں تم سے اس تبلیغ رسالت کا کوئی اجر نہیں چاہتا علاوہ اس کے کہ میرے اقرباء سے محبت کرو" ابن عباس سے روایت ہے کہ جس وقت یہ آیت نازل ہوئی پیغمبر سے سوال کیا گیا، جن لوگوں سے محبت و مودت کا ہمیں حکم دیا گیا ہے وہ کون لوگ ہیں؟ پیغمبر اکرم (ص) نے فرمایا: علی، فاطمہ اور ان کے دو فرزند مراد ہیں۔

☆☆☆☆☆

کلمات کلیدی: فاطمہ زہرا (س)، امام صادق علیہ السلام، فاطمہ کی معرفت، قرآن کی زبانی، علی بن ابراہیم قمی

تسبیح حضرت فاطمہ زہراء (س)

اگر ہم کسی چیز کو دل سے چاہتے ہیں اور اس سے والہانہ محبت کرتے ہیں تو اس کا ذکر صبح وشام ہماری زبان پر رہتا ہے، بار بار ہم اس کو دہراتے رہتے ہیں، اس مطلب کو ثابت کرنے کے لئے دلائل وبراہین قائم کرنے یا مثالیں دینے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اس کو ہر شخص اپنے اندر محسوس کرسکتا ہے، لیکن قہراً یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر ہم خدا سے محبت کرتے ہیں تو اپنی زندگی میں اس کے ذکر کو کتنی جگہ دیتے ہیں؟ ہونا تو یہ چاہئے کہ تمام اذکار سے زیادہ ہماری زبان پر اسی کا ذکر ہو بلکہ صرف اور صرف اسی کا ذکر ہو کیونکہ حقیقی محبت کی حقدار صرف اسی کی ذات اقدس ہے، مزید برآں یہ کہ آیات وروایات بھی ذکر خدا کی تاکید سے بھری پڑی ہیں اور اس کے آثار وفوائد اور برکات بھی مفصل طور پر بیان کردئے گئے ہیں ،قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے۔

اگر ہم کسی چیز کو دل سے چاہتے ہیں اور اس سے والہانہ محبت کرتے ہیں تو اس کا ذکر صبح وشام ہماری زبان پر رہتا ہے، بار بار ہم اس کو دہراتے رہتے ہیں، اس مطلب کو ثابت کرنے کے لئے دلائل وبراہین قائم کرنے یا مثالیں دینے کی ضرورت نہیں ہے بلکہ اس کو ہر شخص اپنے اندر محسوس کرسکتا ہے، لیکن قہراً یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اگر ہم خدا سے محبت کرتے ہیں تو اپنی زندگی میں اس کے ذکر کو کتنی جگہ دیتے ہیں؟ ہونا تو یہ چاہئے کہ تمام اذکار سے زیادہ ہماری زبان پر اسی کا ذکر ہو بلکہ صرف اور صرف اسی کا ذکر ہو کیونکہ حقیقی محبت کی حقدار صرف اسی کی ذات اقدس ہے، مزید برآں یہ کہ آیات وروایات بھی ذکر خدا کی تاکید سے بھری پڑی ہیں اور اس کے آثار وفوائد اور برکات بھی مفصل طور پر بیان کردئے گئے ہیں ،قرآن مجید میں ارشاد ہوتا ہے۔

الا بذکر اللہ تطمئن القلوب. رعد. ۲۸
آگاہ ہو جاؤ کہ اطمینان قلب یاد الٰہی سے ہی حاصل ہوتا ہے۔

فاذکرونی اذکرکم بقرہ. ۱۵۲
تم ہم کو یاد کرو تاکہ ہم تمہیں یاد رکھیں

اذکرو اللہ ذکراً کثیراً احزاب. ۴۱
اللہ کا ذکر بہت زیادہ کیا کرو

والذکرو اللہ کثیراً لعلکم تفلحون جمعہ. ۱۰
اور خدا کو بہت یاد کرو شاید اسی طرح تمہیں نجات حاصل ہوجائے۔

مولائے کائنات دعائے کمیل میں ارشاد فرماتے ہیں:
ان تجعل أوقاتی من اللیل والنهار بذکرک معمورة.
خدایا تو میرے دن اور رات کو اپنے ذکر سے معمور ومنور فرما۔

اسی طرح وقت آخر وصیت کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ:
یا بنیّ کن اللہ ذاکراً علیٰ کلّ حال (۱)
اے میرے فرزند ہر حال میں خدا کا ذکر کرتے رہو۔

تو معلوم ہوا کہ ذکر خدا ایک اہم مسئلہ ہے جس کو فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اس کا ذکر کیسے کیا جائے؟ الفاظ کہاں سے لائے جائیں؟ کون سے کلمات ہوں جو اس کی شان اقدس اور بارگاہ پر عظمت کے مطابق ہوں اور برترین وبالا ترین کلمات شمار کئے جاتے ہوں۔ جب ہم روایات کی طرف نگاہ اٹھاتے ہیں تو ہمیں مختلف چیزیں نظر آتی ہیں۔ اگر تمام روایات کی کلی طور پر تقسیم بندی کی جائے تو یہ روایتیں چند حصوں میں تقسیم ہوجاتی ہیں۔ جنکو مختصراً یوں بیان کیا جاسکتا ہے۔

(۱) بعض روایات وہ ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ تسبیحات اربعہ "سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر" بہترین ذکر ہے۔

(۲) بعض روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ: لا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم بہترین وبالاترین ذکر ہے۔

(۳) بعض روایات سے ثابت ہوتا ہے کہ: لا الہ الا اللہ بہترین اور افضل ترین ذکر ہے۔

(۴) بعض روایات دلالت کرتی ہیں کہ صرف الحمد للہ بہترین اور افضل ترین ذکر ہے۔

(۵) بعض روایات دلالت کرتی ہیں کہ اللہ اکبر بہترین ذکر ہے۔

(۶) بعض روایات دلالت کرتی ہیں کہ محمدؐ وآل محمد پر صلوات بھیجنا بہترین ذکر ہے۔

(۷) بعض روایات دلالت کرتی ہیں کہ تسبیح حضرت فاطمہ زہراء سلام اللہ علیہا بہترین اور افضل ترین ذکر ہے۔ (۲)

روایات کے مطالعہ سے اتنا بہر حال واضح ہوجاتا ہے کہ یہ تمام اذکار اپنی اپنی جگہ ایک اہمیت اور عظمت کے حامل ہیں اور ان کا ورد فضیلت سے خالی نہیں ہے لیکن تسبیح حضرت فاطمہ زہراء (س) اس لئے اپنے اندر عظمت کا پہلو رکھتی ہے کیونکہ یہ نبی اکرم (ص) کی لخت جگر، سیدہ نساء عالمین سے منسوب ہے اور خود آپؐ نے جناب فاطمہ سلام اللہ علیہا کو یہ ذکر تعلیم فرمایا تھا جس پر آپ ساری عمر مداومت فرماتی رہیں۔ ویسے تو کتابوں میں آپ کے بارے میں کئی تسبیحات کا تذکرہ ملتا ہے جن کو تفصیلی طور پر بحار الانوار ج ۸۹، کامل الزیارات وغیرہ میں دیکھا جاسکتا ہے لیکن مشہور ومعروف تسبیح وہی ہے کہ جو ہم اور آپ نماز کے بعد پڑھتے ہیں اور جس کے بارے میں حضرت علیؑ اور امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ:

تسبیح فاطمه هو الله اکبر اربع و ثلاثون مرّة ، سبحان الله ثلاث و ثلاثون مرّة ، و الحمد لله ثلاث و ثلاثون مرّة (۳)

یعنی تسبیح فاطمہؑ یہ ہے: ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ ۳۳ مرتبہ الحمد للہ۔

اس روایت سے اگر چہ ظاہراً یہ سمجھ میں آتا ہے سبحان اللہ کو الحمد للہ پر مقدم کیا جائے لیکن سبحان اللہ کو بعد ہی میں پڑھنا چاہئے کیونکہ اکثر روایات میں وارد ہوا ہے کہ سبحان اللہ کو الحمد للہ کے بعد پڑھا جائے۔ مثلاً جب امام جعفر صادق علیہ السلام سے تسبیح فاطمہؑ کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپؑ نے فرمایا کہ:

تبدأ بالتکبیر ثم التحمید ثم التسبیح یعنی پہلے اللہ اکبر کہو پھر الحمد للہ اور پھر سبحان اللہ

آثار وفوائد تسبیح زہراء

اس عظیم ذکر سے ہماری غفلت یا تغافل کا سبب خود اس کے فضائل وفوائد سے ناواقف ہونا بھی ہے۔ اگر ہم ان اسرار ورموز سے واقف ہوجائیں جو ان الفاظ کے دامن میں چھپا دئے گئے ہیں تو ہم کسی حد تک خواب غفلت سے بیدار ہوکر اپنی زندگی کو ان جواہرات سے سنوار سکتے ہیں۔ ذکر تسبیح حضرت فاطمہؑ کے لئے بہت سے فوائد ذکر ہوئے ہیں جن میں سے بعض یہ ہیں۔

(۱) گناہوں کی بخشش (۲) شیطان سے دوری (۳) رضائے خدا

حضرت امام محمد باقر علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ:

مَن سبّح تسبیح الزهراء ثم استغفر غفر له و هی مائة باللسان والف فی المیزان و تطرد الشیطان و ترضی الرحمن.

جو بھی تسبیح حضرت زہراءؑ پڑھ کر استغفار کریگا خدا اس کے گناہوں کو بخش دے گا۔ اس تسبیح میں ظاہراً سو ذکر ادا ہوتے ہیں لیکن انسان کے نامۂ اعمال کو ہزار گنا وزنی بنا دیتا ہے۔ اور ساتھ ہی شیطان کو دور بھگا دیتی ہے اور رضائے رحمن کو جلب کرتی ہے (۴)

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا!

مَن سبّح تسبیح فاطمه قبل ان یثنی رجلیه من صلاة الفریضة غفر له

جو شخص نماز واجب کے بعد قبلہ سے منحرف ہونے سے قبل تسبیح حضرت فاطمہؑ پڑھتا ہے خدا اس کو بخش دیتا ہے۔

یہاں پر یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ کوئی یہ خیال نہ کرے کہ صرف تسبیح بخشش کا ذریعہ بنتی ہے اور کسی دیگر امر کی ضرورت نہیں ہے۔ جب کہ پہلی روایت سے صاف واضح ہوجاتا ہے کہ تسبیح کے ساتھ ساتھ خود انسان کا استغفار کرنا بھی ضروری ہے "ثم استغفر غفر لہ" جس کا واضح مطلب یہ ہے کہ تسبیح حضرت فاطمہ زہراءؑ انسان کے قلب میں احساس استغفار پیدا کرتی ہے اور جب دل میں ایک مخصوص کیفیت پیدا ہوجاتی ہے کہ بندہ گناہوں کی تکرار نہ کرنے کا پختہ ارادہ کرلیتا ہے تو خدا بھی اسے معاف کردیتا ہے۔ جیسا کہ قرآن مجید میں اس مسئلہ کو صاف صاف بیان کردیا گیا ہے۔

(۱) من تاب بعد ظلمه واصلح فان الله یتوب علیه ان الله غفور رحیم۔ مائدہ ۳۹
پھر ظلم کے بعد جو شخص توبہ کرے اور اپنی اصلاح کرے تو خدا اس کی توبہ قبول کریگا کہ اللہ بڑا بخشنے والا اور مہربان ہے۔

(۲) من عمل منکم سوءاً بجهالة ثم تاب من بعده واصلح فانه غفور رحیم انعام ۱۵۴
تم میں جو بھی از روئے جہالت برائی کریگا اور اس کے بعد توبہ کرکے اپنی اصلاح کرے گا تو خدا بہت زیادہ بخشنے والا اور مہربان ہے۔

(۳) الذین تابوا من بعد ذالک واصلحوا فان ربک غفور رحیم۔ نور ۵
(علاوہ ان افراد کے) جو اس کے بعد توبہ کرلیں اور اپنے نفس کی اصلاح کرلیں کہ اللہ بہت زیادہ بخشنے والا اور مہربان ہے۔

(۴) انی لغفار لمن تاب وآمن وعمل صالحاً ثم اهتدی طہ ۸۲
اور میں بہت زیادہ بخشنے والا ہوں اس شخص کے لئے جو توبہ کرلے اور ایمان لے آئے اور نیک عمل کرے پھر راہ ہدایت پر ثابت قدم رہے۔

ان آیات میں غور کرنے سے معلوم ہوجاتا ہے کہ گناہوں کی بخشش کے لئے توبہ کے ساتھ اعمال صالحہ کی پابندی اور حتی المقدور گناہوں کے تکرار سے اجتناب کرنا ضروری ہے۔

(۵) وجوب جنت:۔ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے ارشاد فرمایا کہ "من سبّح تسبیح فاطمه فی دبر المکتوبه من قبل ان یبسط رجلیه اوجب الله له الجنة (۵)
یعنی جو شخص نماز فریضہ سے فارغ ہوکر قبلہ سے منحرف ہونے سے پہلے تسبیح فاطمہؑ پڑھتا ہے خداوند عالم اس کے اوپر جنت واجب کردیتا ہے۔

یہاں سے معلوم ہوجاتا ہے کہ تسبیح حضرت فاطمہؑ کتنا پر عظمت اور بافضیلت ذکر ہے اور یقیناً اگر اس سے زیادہ فضیلت والا کوئی ذکر ہوتا تو پیغمبر اکرمؐ اپنی بیٹی کو وہی تعلیم فرماتے۔ جیسا کہ امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں۔

ما عبد الله بشی افضل من تسبیح الزهراء ولو کان شی افضل منه لنحله رسول الله فاطمه (۶)
یعنی تسبیح فاطمہ زہراءؑ سے بہتر کسی اور طریقے سے خدا کی عبادت نہیں کی گئی بے شک اگر کوئی چیز اس سے بھی زیادہ افضل ہوتی تو رسول اکرمؐ اپنی بیٹی فاطمہ کو وہی تعلیم فرماتے۔ امام جعفر صادق علیہ السلام سے اس آیت کے بارے میں واذکروا اللہ ذکراً کثیراً (احزاب ۴۱) سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ:
من سبّح تسبیح فاطمه فقد ذکر الله الذکر الکثیر (۷)
جس نے تسبیح فاطمہؑ کو پڑھ لیا گویا اس نے خدا کے لئے ذکر کثیر انجام دے دیا۔

ان روایات کے بعد ذکر تسبیح حضرت فاطمہ زہراءؑ کی عظمت وفضیلت اور دوسرے اذکار پر اس کی برتری روز روشن کی طرح واضح ہوجاتی ہے اور اگر اس پر مداومت کرلی جائے تو انسان دنیاو آخرت کی برکتیں اور نعمتیں سمیٹ سکتا ہے۔ اور کل قیامت میں حضرت فاطمہؑ کے محشر میں سرخرو ہوسکتا ہے۔ ہم سب شہزادیؑ کونین کو وسیلہ قرار دیتے ہوئے بارگاہ خداوندی میں دعا کرتے ہیں کہ ہماری زندگی کو تسبیح حضرت زہراء کے ساتھ ساتھ اپنے دیگر محبوب اذکار کے سہارے معمور ومنور فرما آمین یارب العالمین۔

حوالہ جات:
(۱) بحار الانوار ج ۹۰۔ ص ۱۵۴
(۲) ان تمام روایات کے مطالعہ کے لئے کتاب بحار الانوار ج ۹۰ باب ذکر اللہ تعالیٰ، کتاب الترغیب والترہیب ج ۲ وغیرہ کی طرف رجوع کیا جاسکتا ہے۔
(۳) زندگانی حضرت زہراؑ ص ۱۰۰۱، بحوالہ من لا یحضرہ الفقیہ ج ۱ وثواب الاعمال ص ۱۹۶
(۴) ثواب الاعمال ص ۳۶۳
(۵) زندگانی حضرت زہراء ص ۹۸۹
(۶) زندگانی حضرت زہراء ص ۹۸۴
(۷) زندگانی حضرت زہراء ص ۹۸۵

مصنف: گروہ محققین

اھلسنت علمائے دین کی نظر میں حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا کا مقام و منزلت

تحریر: وسیم رضا

زمانہ ام البشر اور ابوالبشر سے لے کر قیامت تک خداوند متعال نے 4 خواتین جن میں مریم بنت عمران، آسیہ بنت مزاحم (زوجہ فرعون)، خدیجہ بنت خویلد، فاطمہ بنت محمدؐ کے ذریعہ عظیم الٰہی مشن کی توسیع کی۔ مریم، آسیہ اور خدیجہ (صلوٰۃ اللہ علیہا) کو اپنے زمانوں کی عورتوں سے بہتر، برتر و افضل قرار دیا گیا ہے جبکہ حضرت صدیقہ سلام اللہ علیہا کی افضلیت عام اور مطلق ہے جو پورے عالم اور تمام زمانوں یعنی جہان شمول اور زمان شمول پر مشتمل ہے۔ دنیا کی تمام عورتوں پر حضرت فاطمہ سلام اللہ علیہا کی افضلیت سے متعلق واضح ترین آیات، روایات منہ بولتی دلائل ہر قسم کے نادرست عقیدہ و تصورات کے امکانات کو ختم کر دیتی ہیں۔

جگر گوشہ رسول، شہزادی دو عالم، فخر نسواں، سردار خواتین دو جہاں، بنت سردار انبیاء، بتول حضرت فاطمہ زہرا سلام اللہ علیہا عظیم المرتبت خلقت کے بارے میں جہاں علمائے تشیع نے اپنی کتابوں میں قلم فرسائی کی ہیں، وہیں علمائے اہل تسنن نے بھی حقیقت گوئی سے کام لیا ہے تاہم یہ الگ بات ہے کہ کچھ افراد و کردار جنہیں قرآن کریم میں "صم بکم عمی" کے مصداق قرار دیا گیا ہے، انہوں نے سادہ لوح عوام کو حق سے دور رکھنے کیلئے کینہ، حسد، حب دنیا، خود خواہی و نافرمانی کی زندگی مثالیں قائم کیں اور بنی نوع انسان کو ان تمام کمالات و برکات سے محروم رہنے کیلئے شیطانی حربوں کو استعمال میں لایا۔ خیر ہمیں ان سے کوئی سروکار نہیں ہے اس لیے کہ سورج کے سامنے پردہ حائل کرنے سے اس کی روشنی نہیں چھپتی۔ ہم یہاں اہل سنت کے مشہور و معروف کتابوں سے کچھ اقتباس حضرت زہرا (س) سے متعلق قارئین کی خدمت میں اختصار کے ساتھ پیش کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

احمد ابن حنبل

اہل سنت کے چار مشہور ترین اہل مذاہب میں سے ایک اور حدیث کے بہت بڑے امام احمد ابن حنبل نے اپنی مسند کی تیسری جلد میں اپنی خاص اسناد کے ذریعے سے خادم رسولؐ مالک بن انس سے روایت کی ہے کہ رسول اسلامؐ چھ ماہ تک ہر روز نماز صبح کے لئے جاتے ہوئے حضرت فاطمہ (س) کے گھر کے پاس سے گزرتے اور فرماتے: نماز! نماز! اے اہل بیت! اس کے بعد آپ پھر اس آیت کی تلاوت فرماتے: (انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت و یطھرکم تطھیرا)

ترجمہ: اے اہلبیت! اللہ کا تو بس یہی ارادہ ہے کہ تمہیں ہر ناپاکی سے دور رکھے اور تمہیں خوب پاک و پاکیزہ رکھے۔

مسلم بن حجاج

صحاح ستہ میں سے دوسری اہم کتاب صحیح مسلم شمار کی جاتی ہے۔ امام مسلم بن حجاج اپنی اس صحیح میں کہتے ہیں۔ پیغمبر اکرم (ص) نے فرمایا:
فاطمہ رسول کے جسم کا ٹکڑا ہے، جو انہیں رنجیدہ کرتا ہے وہ رسول اللہ کو رنجیدہ کرتا ہے اور جو انہیں خوش کرتا ہے وہ رسول اللہ کو خوش کرتا ہے۔

بخاری

حدیث کے معروف امام ابو عبداللہ محمد اسماعیل بخاری اپنی صحیح کے باب فضائل صحابہ میں اپنی اسناد سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اسلام نے فرمایا: فاطمہ میرا پارہ تن ہے جس نے اسے غضبناک کیا اس نے مجھے غضبناک کیا۔
امام بخاری نے اپنی کتاب میں متعدد مقامات پر رسول اللہ کا یہ فرمان نقل کیا ہے: فاطمہ میرے جسم کا ٹکڑا ہے جس نے اسے غضبناک کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔ (ج ٦) پانچویں جلد میں انھوں نے آنحضرت کا یہ فرمان بھی نقل کیا ہے: "الفاطمة سیدة نساء اھل الجنة" فاطمہ جنت کی عورتوں کی سردار ہیں۔

ترمذی

امام ترمذی کی سنن بھی صحاح ستہ میں شامل ہے۔ وہ نقل کرتے ہیں: حضرت عائشہ سے سوال کیا گیا کہ لوگوں میں سے رسول اللہ کو سب سے زیادہ محبوب کون تھا؟ انہوں نے جواب دیا: "فاطمہ" پھر پوچھا گیا مردوں میں سے؟ کہنے لگیں: ان کے شوہر علی۔

خطیب بغدادی

احمد بن علی المعروف خطیب بغدادی پانچویں صدی کے مورخ اور محقق ہیں۔ تاریخ بغداد اور مدینۃ الاسلام ان کی مشہور کتاب ہے۔ اس میں وہ حسین بن معاذ کے بارے میں گفتگو کرتے ہوئے اپنی اسناد کے ذریعے حضرت عائشہ سے نقل کرتے ہیں کہ رسول اسلام نے فرمایا: جب روز محشر برپا ہوگا کہ ایک آواز آئے گی: اے لوگو! اپنی نظریں نیچی کر لو تا کہ فاطمہ بنت محمد گزر جائیں۔ ایک اور روایت میں وہ نقل کرتے ہیں: ایک پکارنے والا روز محشر ندا دے گا کہ اپنی آنکھوں کو بند لو تا کہ فاطمہ بنت محمد گزر جائیں۔

علامہ قندوزی

علامہ سلیمان قندوزی اپنی کتاب **ینابیع المودۃ** میں اپنی اسناد سے انس بن مالک سے روایت کرتے ہیں: نماز فجر کے وقت ہر روز رسول اللہ حضرت فاطمہ کے گھر کے دروازے پر آتے اور گھر والوں کو نماز کے لئے پکارتے اور یہ آیت تلاوت فرماتے:
(انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا)
سورہ احزاب

اور یہ سلسلہ نو ماہ تک جاری رہا۔ (سطور بالا میں مذکور ایک روایت میں چھ ماہ آیا ہے)۔ علامہ قندوزی یہ روایت درج کرنے کے بعد لکھتے ہیں: یہ خبر تین سو صحابہ سے روایت ہوئی ہے۔

حاکم نیشاپوری

مستدرک علی الصحیحین امام حاکم نیشاپوری کی مشہور کتاب ہے۔ وہ اس میں نقل کرتے ہیں: رسول اللہ نے اپنے مرض موت میں حضرت فاطمہ سے فرمایا: بیٹی! کیا تم نہیں چاہتی کہ امت اسلام اور تمام عالم کی عورتوں کی سردار ہو؟

فخر رازی

